Day: Date:

سوال 1 دین سے کیا مراد ہے؟ اس کے فرد اور معاشرے پر مذہبی، روحانی اور اخلاقی اثرات بیان کریں؟

جواب

"دین کا مفہوم و مراد"

لغوی معنی: اطاعت یا جواب دہی کے ہیں

اصل معنی: زندگی کا وہ مکمل نظام ہے جو اللہ نے انسان کے لیے مقرر کیا ہے۔ جس میں عقائد، عبادات، اخلاقیات اور معاشرتی قوانین سب شامل ہیں

> "ان الدین عند اللہ الاسلام" (آل عمران)
> ترجمہ:- "بے شک اللہ کے ہاں قابلِ قبول دین اسلام ہے"

نیز اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے پسندیدہ دین اسلام ہے جو نا صرف رسمی عبادات تک محدود ہے بلکہ زندگی کے ہر پہلو کا سبق دیتا ہے۔

CamScanner

Day: ____________ Date: ____________

فرد پر دین کے اثرات

(الف) مذہبی اثرات:

• **عبادت کی سمجھ:** نماز، روزہ، زکوۃ، حج وغیرہ محض رسمیں نہیں بلکہ اللہ سے تعلق کا ذریعہ بنتی ہیں۔

> "نماز دین کا ستون ہے"۔ (حدیثؐ)

• **حلال و حرام کا شعور:** تجارت میں سود سے پرہیز اور جھوٹی گواہی نہ دینا سکھاتا۔

(ب) روحانی اثرات

• **اطمینانِ قلب**

> ترجمہ: "آگاہ رہو! اللہ کے ذکر سے ہی دلوں کو سکون ملتا ہے"۔ (سورہ الرعد: 28)

• **ذکر و فکر کی عادت**

مثال: تسبیح، استغفار، قرآن پڑھنا سے روحانی سکون ملتا ہے۔

CamScanner

Date:

Day:

ج) اخلاقی اثرات

• صدق و امانت: دین فرد میں سچائی اور امانتداری پیدا کرتا ہے

"سچا اور امانت دار تاجر نبیوں، صدیقوں، اور شہیدوں کے ساتھ ہو گا"۔ (حدیث قدسی)

• حیا و عفت: نگاہوں اور خیالات کی پاکیزگی کا شعور دیتا ہے

معاشرے پر دین کے اثرات

الف) مذہبی اثرات

• اجتماعی عبادات کی برکات: نماز باجماعت، جمعہ، عیدین معاشرے میں اخوت کا احساس پیدا کرتا

جماعت پر رحمت ہے اور تفرقہ پر عذاب ہے۔ (حدیث قدسی)

CamScanner

Day: ____ Date: ____

ب) روحانی اثرات

- **معاشرتی سکون:** پریشانیوں میں صبر کی تلقین، موت و آخرت کا ذکر سے لوگوں میں دنیوی لالچ کم ہوتا ہے۔

- **قبرستانوں کی زیارت:** آخرت کی یاد دہانی سے معاشرے میں مادیت پرستی کم ہوتی ہے۔

ج) اخلاقی اثرات

- **عدل و انصاف**

> "بے شک اللہ عدل اور احسان کا حکم دیتا ہے۔" (سورۃ النحل: 90)

- **حقوق العباد کی ادائیگی**

والدین، پڑوسی، یتیم، مسافر کے حقوق کا خیال رکھنا۔

- **معاشرتی برائیوں کا خاتمہ**

CamScanner

Day: Date:

چوری، ڈاکہ، زنا، شراب جیسی برائیوں پر پابندی سے معاشرہ پرسکون رہتا ہے۔

مثال: "اسلامی ریاست میں حدود اللہ کا نفاذ"

جدید دور میں دین کی اہمیت

- **مادہ پرستی کا علاج**

دین روحانی و اخلاقی قدروں کو زندہ کر کے انسان کو مشین نہیں رہنے دیتا۔

- **خاندانی نظام کی حفاظت**

طلاق کے بے جا استعمال، اولاد کی نافرمانی جیسے مسائل کا حل اسلامی تعلیمات میں موجود ہے۔

- **بین المذاہب رواداری**

دوسرے مذاہب کے ماننے والوں

کے ساتھ انصاف اور حسن سلوک
کا حکم دیتا ہے۔

حاصلِ بحث

دین چند عبادات کا نام نہیں بلکہ ہر فرد
اور معاشرے کی مکمل تعمیر و تربیت
کا نظام ہے۔ ہر فرد کو اللہ سے جوڑ
کر اسے روحانی سکون دیتا ہے، اخلاقیات
سکھاتا ہے اور معاشرے کو عدل،
اخوت اور پر امن بقائے باہمی کا
گہوارہ بناتا ہے۔ جدید دور کے چیلنجز
کا مقابلہ بھی اسی جامع نظامِ حیات
سے کیا جا سکتا ہے۔

CamScanner